کفار کو حرام فوڈ ڈیلیور کرنے کی جاب کرنا

مجیب: مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3062

تاریخ اجراء: 06 ربیع الاول 1446ھ / 11 ستمبر 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کفار کے ممالک میں کفار کو حرام فوڈ ڈیلیور کرنے کی جاب کرنا کیسا ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

واضح رہے کہ شریعت مطہرہ کی حرام کردہ اشیاء مسلمانوں کو تو درکنار، غیر مسلموں کو کھانے پینے کے لیے فراہم کرنا بھی ناجائز ہے۔ کیونکہ صحیح قول کے مطابق کفار بھی فروعات (شرعی احکام) کے مکلّف ہیں۔ انھیں کھانے پینے کے لیے حرام اشیاء فراہم کرنا ضرور گناہ پر تعاون ہے، اور اللہ عزوجل نے گناہ پر تعاون سے منع فرمایا ہے۔ لہذا سوال میں مذکور جاب کرنا ناجائز و حرام ہے۔

قرآن کریم میں ارشادِ باری تعالی ہے:﴿وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ﴾ ترجمہ کنز الایمان: اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ دو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ کا عذاب سخت ہے۔ (پارہ 6، سورۃ المائدۃ، آیت 6)

حدیث پاک میں شراب سے متعلق دس افراد پر لعنت فرمائی گئی ہے، چنانچہ سنن الترمذی میں ہے "لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الخمر عشرۃ: عاصرھا ومعتصرھا وشاربھا وحاملھا والمحمولۃ الیہ وساقیھا وبائعھا وآکل ثمنھا والمشتری لھا والمشترا ۃ لہ" ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کے معاملے میں دس بندوں پر لعنت فرمائی ہے، جو شراب کے لیے شیرہ نکالے، جو شیرہ نکلوائے، جو شراب پئے، جو اٹھا کر لائے، جس کے پاس لائی جائے، جو شراب پلائے، جو بیچے، جو اس کے دام کھائے، جو خریدے اور جس کے لیے خریدی جائے۔ (سنن الترمذی، رقم الحدیث 1295، ج 3، ص 581، مطبوعہ مصر)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: "شراب کا بنانا، بنوانا، چھونا، اٹھانا، رکھنا، رکھوانا، بیچنا، بکوانا، مول لینا، دلوانا سب حرام حرام حرام ہے اور جس نوکری میں یہ کام یا شراب کی نگہداشت، اس کے داموں کا حساب کتاب کرنا ہو، سب شرعاً ناجائز ہیں۔" (فتاوی رضویہ، ج23، ص565،566، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

کفار بھی فروعات کے مکلّف ہیں، چنانچہ بدائع الصنائع میں ہے: "حرمة الخمر والخنزير ثابتة في حقهم كما هي ثابتة في حق المسلمين، لانهم مخاطبون بالحرمات وهو الصحيح عند اهل الاصول" ترجمہ: شراب اور خنزیر کی حرمت غیر مسلموں کے حق میں بھی بالکل اسی طرح ثابت ہے، جس طرح مسلمانوں کے حق میں ثابت ہے، کیونکہ وہ بھی محرمات کے مکلف ہیں اور یہی اہلِ اصول کے نزدیک صحیح ہے۔" (بدائع الصنائع، کتاب السیر، ج7، ص113، دارالکتب العلمیۃ، بیروت)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: "صحیح یہ ہے کہ کفار بھی مکلّف بالفروع ہیں۔" (فتاوی رضویہ، ج16، ص382، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net